روزنامہ
الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 25/اپریل 2007ء 7 ربیع الثانی 1428 ہجری 25 شہادت 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 90

یادگار مقامات پر نماز

حضرت سالم بن عبداللہ بن عمرؓ سفر میں بعض مناسب جگہیں تلاش کرتے اور ان میں نماز پڑھتے اور بیان کرتے کہ ان کے والد ان جگہوں پر نماز پڑھتے تھے۔اور یہ کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ کو ان جگہوں پر نماز پڑھتے دیکھا تھا۔

(صحیح بخاری کتاب الصلوۃ باب المساجد التی علی طرق المدینة حدیث نمبر:461)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

نماز بابرکت نہ ہوگی جب تک اپنی زبان میں اپنے مطالب بیان نہ کرو۔اس لئے ہر شخص کو جو عربی زبان نہیں جانتا۔ضروری ہے کہ اپنی زبان میں اپنی دعاؤں کو پیش کرے اور رکوع میں سجود میں مسنون تسبیحوں کے بعد اپنی حاجات کو عرض کرے۔ایسا ہی التحیات میں اور قیام اور جلسہ میں۔اس لئے میری جماعت کے لوگ اس تعلیم کے موافق نماز کے اندر اپنی زبان میں دعائیں کر لیتے ہیں۔اور ہم بھی کر لیتے ہیں؛ اگرچہ ہمیں تو عربی اور پنجابی یکساں ہی ہیں۔مگر مادری زبان کے ساتھ انسان کو ایک ذوق ہوتا ہے۔اس لئے اپنی زبان میں نہایت خشوع اور خضوع کے ساتھ اپنے مطالب اور مقاصد کو بارگاہ رب العزۃ میں عرض کرنا چاہئے۔میں نے بارہا سمجھایا ہے کہ نماز کا تعہد کرو۔جس سے حضور اور ذوق پیدا ہو۔فریضہ تو جماعت کے ساتھ پڑھ لیتے ہیں۔باقی نوافل اور سنن کو جیسا چاہو طول دو۔اور چاہئے کہ اس میں گریہ وبکا ہو، تا کہ وہ حالت پیدا ہو جاوے جو نماز کا اصل مطلب ہے۔نماز ایسی شی ہے کہ سیّئات کو دور کر دیتی ہے۔جیسے فرمایا:............(ھود:115) نماز کل بدیوں کو دور کر دیتی ہے۔حسنات سے مراد نماز ہے، مگر آجکل یہ حالت ہو رہی ہے کہ عام طور پر نمازی کو مکار سمجھا جاتا ہے، کیونکہ عام لوگ بھی جانتے ہیں کہ یہ لوگ جو نماز پڑھتے ہیں۔یہ اسی قسم کی ہے جس پر خدا نے واویلا کیا ہے، کیونکہ اس کا کوئی نیک اثر اور نیک نتیجہ مترتب نہیں ہوتا۔نرے الفاظ کی بحث میں پسند نہیں کرتا۔آخر مر کر خدا تعالیٰ کے حضور جانا ہے۔دیکھو ایک مریض جو طبیب کے پاس جاتا ہے اور اس کا نسخہ استعمال کرتا ہے۔اگر دس بیس دن تک اس سے کوئی فائدہ نہ ہو تو وہ سمجھتا ہے کہ تشخیص یا علاج میں کوئی غلطی ہے۔پھر یہ کیا اندھیر ہے کہ سالہا سال سے نمازیں پڑھتے ہیں اور اس کا کوئی اثر محسوس اور مشہود نہیں ہوتا۔میرا تو یہ مذہب ہے کہ اگر دس دن بھی نماز کو سنوار کر پڑھیں تو تنویر قلب ہو جاتی ہے۔مگر یہاں تو پچاس پچاس برس تک نماز پڑھنے والے دیکھے گئے ہیں کہ بدستور رو بہ دنیا اور سفلی زندگی میں نگونسار ہیں۔اور انہیں نہیں معلوم کہ وہ نمازوں میں کیا پڑھتے ہیں اور استغفار کیا چیز ہے۔اس کے معنوں پر بھی انہیں اطلاع نہیں ہے۔............پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ادعیہ عربی میں سکھائی تھیں جو ان لوگوں کی اپنی مادری زبان تھی اسی لئے ان کی ترقیات جلدی ہوئیں...... یاد رکھو رسم اور چیز ہے اور صلوٰۃ اور چیز۔صلوٰۃ ایسی چیز ہے کہ اس سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ کے قرب کا کوئی قریب ذریعہ نہیں۔یہ قرب کی کنجی ہے۔اسی سے کشوف ہوتے ہیں

(ملفوظات جلد دوم ص 346)

واقفین ڈاکٹرز کو نصیحت

مجلس نصرت جہاں کے بانی سیدنا حضرت مرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالث نے مورخہ 26 جون 1970ء کو بیت المبارک ربوہ میں خطبہ جمعہ ارشاد فرماتے ہوئے جماعت کے مخلص ڈاکٹر صاحبان کو وقف کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا:۔

"اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہمارے نوجوانوں کے دل بھی اور ہمارے بزرگ ڈاکٹروں کے دل بھی اس خدمت کیلئے کھول دے اور تیار کر دے اور ان کے دل میں خدمت کا جذبہ پیدا کر دے۔جو دوست وہاں جائیں وہ یہ یاد رکھیں کہ وہ دنیا کمانے کیلئے وہاں نہیں جا رہے (اگرچہ دنیا ان کو پھر بھی مل جاتی) ان کی نیت یہ ہونی چاہئے کہ وہ دنیا کمانے کیلئے نہیں جا رہے بلکہ اپنے رب کو راضی کرنے کیلئے جا رہے ہیں اور اس کی مخلوق کی خدمت کرنے کیلئے جا رہے ہیں۔پس ان لوگوں سے پیار کریں ان سے ہمدردی رکھیں۔جب کوئی بیمار آپ کے پاس آئے یا آپ کسی بیمار کے پاس جائیں تو آپ اس سے نہایت محبت اور خندہ پیشانی سے اور ہمدردانہ طریق سے پیش آئیں۔ایک اچھے اور نیک ڈاکٹر کی تو باتیں بھی آدھی مرض کو دور کر دیتی ہیں۔پھر حضرت مسیح موعود کے ارشاد کے مطابق ان کیلئے بہت دعائیں کریں اور یہ ایک عظیم فرق ہے ایک احمدی ڈاکٹر اور اس ڈاکٹر میں جو ابھی احمدی نہیں۔ایک احمدی ڈاکٹر اپنے مریض کی صرف تشخیص ہی نہیں کرتا یا اسے دوا ہی نہیں دیتا بلکہ اس کیلئے دعائیں بھی کرتا ہے۔پھر اللہ تعالیٰ اس کے کاموں میں برکت ڈالتا ہے جس کے نتیجہ میں ان مریضوں کے دلوں میں محبت پیدا کرتا ہے۔ہم نے دنیا کے دل خدا اور اس کے رسولؐ کے لئے اپنی محبت اور پیار اور خدمت اور ہمدردی اور غمخواری اور مساوات کے جذبہ سے جیتنے ہیں۔یہ ہمارا فرض ہے پس ہر ڈاکٹر کو یہ احساس ہونا چاہئے کہ وہ کس غرض کیلئے وہاں گیا ہے پھر اللہ تعالیٰ ان کے ہاتھ میں شفاء بخشے گا۔"

(خطبات ناصر جلد سوم صفحہ 176)

(مرسلہ: سیکرٹری مجلس نصرت جہاں ربوہ)

ہر احمدی کا طرہ امتیاز خدمت خلق ہے

احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

منگل یکم مئی 2007ء

12-30 am	لقاء مع العرب
1-30 am	خبریں
2-05 am	گلشن وقف نو
3-20 am	خطبہ جمعہ
4-40 am	تقاریر
5-00 am	تلاوت، درس، خبریں
6-10 am	فرانسیسی پروگرام
6-35 am	لقاء مع العرب
7-35 am	خطبہ جمعہ
8-30 am	فرانسیسی سروس
9-30 am	تقاریر
10-10 am	غزوات النبی ﷺ
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-05 pm	چلڈرنز کلاس
1-15 pm	عربی سیکھئے
1-45 pm	سوال و جواب
3-00 pm	انڈونیشین سروس
4-00 pm	سندھی سروس
5-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
6-00 pm	بنگلہ سروس
7-05 pm	خطاب
8-05 pm	عربی سیکھئے
8-20 pm	الوصیت
9-00 pm	چلڈرنز کلاس
10-25 pm	سوال و جواب
11-30 pm	عربی سروس

بدھ 2 مئی 2007ء

1-30 am	عالمی خبریں
2-05 am	چلڈرنز کلاس
3-25 am	الوصیت
4-05 am	خطاب
5-05 am	تلاوت، درس، خبریں
6-05 am	عربی سیکھئے
6-30 am	لقاء مع العرب
7-30 am	تقاریر
8-35 am	سوال و جواب
9-35 am	الوصیت
10-00 am	خطاب
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-10 pm	بستان وقف نو
1-20 pm	سیرت حضرت مسیح موعود
1-50 pm	تعارف
2-15 pm	سوال و جواب
3-00 pm	انڈونیشین سروس
3-50 pm	سواحیلی سروس
5-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
6-05 pm	بنگلہ سروس
7-05 pm	علمی خطبات
8-05 pm	تقاریر جلسہ سالانہ
8-35 pm	بستان وقف نو
9-40 pm	سوال و جواب
11-00 pm	گفتگو
11-30 pm	عربی سروس

جمعرات 3 مئی 2007ء

12-35 am	لقاء مع العرب
1-35 am	خبریں
2-05 am	بستان وقف نو
3-15 am	تقاریر
3-40 am	ہماری کائنات
4-05 am	علمی خطبات
5-00 am	تلاوت، درس، خبریں
6-10 am	لقاء مع العرب
7-10 am	دین حق
7-40 am	ہماری کائنات
8-05 am	علمی خطبات
9-00 am	گفتگو
10-00 am	تعارف
10-30 am	تقاریر جلسہ سالانہ
11-00 am	تلاوت، درس، خبریں
12-00 pm	گلشن وقف نو
1-10 pm	ملاقات
2-20 pm	دورہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
3-25 pm	انڈونیشین سروس
4-30 pm	المائدہ
4-40 pm	درس حدیث
5-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
6-00 pm	بنگلہ سروس
7-05 pm	ترجمۃ القرآن
8-05 pm	دورہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
9-10 pm	ملاقات
10-25 pm	مقابلہ نظم
11-30 pm	عربی سروس

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

اعلان دارالقضاء

(مکرم سلیم الحق خان صاحب ترکہ
مکرم ڈاکٹر سراج الحق صاحب مرحوم ایڈووکیٹ)

مکرم سلیم الحق خان صاحب ایڈووکیٹ لاہور نے درخواست دی ہے کہ میرے دادا مکرم ڈاکٹر سراج الحق خان صاحب آف کوئٹہ بقضائے الٰہی وفات پا چکے ہیں ان کے نام درج ذیل 6 عدد قطعات کل رقبہ 4 کنال 8 مرلہ 31 مربع فٹ الاٹ ہیں۔ یہ قطعات مرحوم کے ورثاء میں بحصص شرعی تقسیم کر دیئے جائیں کسی وارث کو اس منتقلی پر اعتراض نہ ہے۔

(1) قطعہ نمبر 1/1 دارالعلوم شرقی ربوہ رقبہ 1 کنال 3 مرلہ 128 مربع فٹ

(2) قطعہ نمبر 2/1 دارالعلوم شرقی ربوہ رقبہ 18 مرلہ 49 مربع فٹ

(3) قطعہ نمبر 1/2 دارالعلوم شرقی ربوہ رقبہ 13 مرلہ 56 مربع فٹ۔

(4) قطعہ نمبر 2/2 دارالعلوم شرقی ربوہ رقبہ 10 مرلہ 7 مربع فٹ

(5) قطعہ نمبر 2 / 15 دارالعلوم شرقی ربوہ رقبہ 10 مرلہ 7 مربع فٹ۔

(6) قطعہ نمبر 2 / 16 دارالعلوم شرقی ربوہ رقبہ 13 مرلہ 56 مربع فٹ۔

تفصیل ورثاء مرحوم

(1) مکرم نور الحق خان صاحب مرحوم (بیٹا)

تفصیل ورثاء مرحوم

(i) مکرم ڈاکٹر نوید الحق خان صاحب (بیٹا)
(ii) مکرم ڈاکٹر اظہار الحق خان صاحب (بیٹا)
(iii) مکرم انعام الحق خان صاحب (بیٹا)
(iv) مکرمہ منزہ ناصر صاحبہ (بیٹی)
(v) مکرمہ ذکیہ مبین صاحبہ (بیٹی)

(2) مکرمہ منورہ خانم صاحبہ مرحومہ

ورثاء مرحومہ

(i) مکرمہ آغا مجیب ناصر صاحب (بیٹا)
(ii) مکرم آغا انیس ناصر صاحب (بیٹا)
(iii) مکرم آغا وسیم ناصر صاحب (بیٹا)
(iv) مکرم ڈاکٹر آغا شکیل ناصر صاحب (بیٹا)
(v) مکرمہ فاخرہ ناصر صاحبہ (بیٹی)
(vi) مکرمہ صادقہ نثار صاحبہ (بیٹی)
(vii) مکرمہ نادرہ مبین صاحبہ (بیٹی)
(viii) مکرمہ عارفہ نعیم صاحبہ (بیٹی)
(ix) مکرم آغا عقیل ناصر صاحب مرحوم (بیٹا)

(ورثاء مرحوم نمبر ix)

(الف) مکرمہ مریم عقیل صاحبہ (بیوہ)
(ب) مکرمہ آصفہ عقیل صاحبہ (بیٹی)
(ج) مکرمہ زینب عقیل صاحبہ (بیٹی)
(د) مکرمہ فاطمہ گل صاحبہ (بیٹی)
(ہ) مکرم آغا علی عقیل صاحب (بیٹا)

(3) مکرم شمس الحق خان صاحب مرحوم

ورثاء مرحوم

(i) مکرمہ امۃ الحفیظ خانم صاحبہ (بیوہ)
(ii) مکرم قمر الحق خان صاحب (بیٹا)
(iii) مکرم سلیم الحق خان صاحب (بیٹا) درخواست گزار
(iv) مکرم مظہر الحق خان صاحب (بیٹا)
(v) مکرمہ طلعت محمود صاحب (بیٹی)
(vi) مکرمہ فرحت نعیم صاحبہ (بیٹی)
(vii) مکرمہ نگہت طارق صاحبہ (بیٹی)
(viii) مکرمہ نزہت ظفر صاحبہ (بیٹی)
(ix) مکرم ڈاکٹر مبین الحق خان صاحب مرحوم (بیٹا)

(مرحوم نمبر ix کے ورثاء)

(الف) مکرمہ نصرت مبین صاحبہ (بیوہ)
(ب) مکرمہ زنیرہ محمود صاحبہ (بیٹی)
(ج) مکرمہ حمنہ صباحت صاحبہ (بیٹی)
(د) مکرمہ عزیزہ فائزہ مبین صاحبہ (بیٹی)
(ل) مکرمہ عزیزہ شائزہ مبین صاحبہ (بیٹی)

(4) مکرم ڈاکٹر منیر الحق خان صاحب (بیٹا)

(5) مکرم ڈاکٹر معین الحق خان صاحب مرحوم (بیٹا)

(مرحوم کے ورثاء)

(i) مکرم اعجاز الحق خان صاحب (بیٹا)
(ii) مکرم افتخار الحق خان صاحب (بیٹا)

(6) مکرم نعیم الحق خان صاحب (بیٹا)

(7) مکرمہ منیرہ خانم صاحبہ (مرحومہ)

(مرحومہ کے ورثاء)

(i) مکرم ڈاکٹر داؤد بشارت اکبر خان صاحب (خاوند)
(ii) مکرم نوید اکبر خان صاحب (بیٹا)
(iii) مکرم عدنان اکبر خان صاحب (بیٹا)
(iv) مکرم سراج اکبر خان صاحب (بیٹا)
(v) مکرمہ ثمینہ خان صاحبہ (بیٹی)

(8) مکرم ڈاکٹر فہیم الحق خان صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مکرم حافظ محمد نصراللہ صاحب

سلسلہ احمدیہ کے قدیم بزرگ اور حضرت مسیح موعود کے رفیق

حضرت ملک غلام فرید صاحب ایم۔اے

اس دور میں حضرت مسیح موعود کے روحانی خزائن سے مستفیض ہو کر متعدد وجود آسمان کے درخشندہ ستارے بن کر ابھرے۔ انہی روشن ستاروں میں سے ایک نام حضرت ملک غلام فرید صاحب کا ہے۔ حضرت ملک نورالدین صاحب کے گھر 1896ء میں کنجاہ ضلع گجرات میں آپ کی پیدائش ہوئی۔ حضرت بابا گنج شکر سے عقیدت کی بنا پر آپ کا نام غلام فرید رکھا گیا۔ 1908ء میں آپ نے حضرت مسیح موعود کی زیارت کی۔ قادیان میں 1909ء میں تعلیم کا آغاز کیا، مدرسہ احمدیہ میں داخلہ لیا اور کبار رفقاء مسیح موعود سے تعلیم حاصل کرنے کی توفیق ملی۔ آپ کے انگریزی کے استاد حضرت قاضی عبدالحق صاحب فرماتے تھے۔ یہ لڑکا آسمان سے اترا ہوا ہے۔ میٹرک کے بعد آپ لاہور گئے۔ پہلے اسلامیہ کالج میں داخل ہوئے۔ حضرت نواب محمد عبداللہ خان صاحب بھی آپ کے ساتھ تھے۔ مختلف کالجوں کے احمدی طلبہ نے مل کر ایک مجلس بنام احمدیہ انٹر کالجیٹ ایسوسی ایشن بنائی جس کا اولین صدر ملک غلام فرید صاحب کو بنایا گیا۔ اس مجلس نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی اور دیگر علماء سلسلہ کی تقاریر لاہور میں کروائیں۔

ایم۔اے میں کامیابی

جس سال آپ نے ایم۔اے کیا۔ بشمول حضرت ملک صاحب کے ایم۔اے انگلش میں تین طلباء نے کامیابی حاصل کی تھی۔ ایک جی احمد تھے۔ جو بعد میں امریکہ میں پاکستانی سفیر اور پھر چیئرمین پلاننگ کمیشن پاکستان کے اعلیٰ مناصب پر فائز ہوئے۔ دوسرے ملک صاحب کے وطن کنجاہ کے پیارا لال تھے جنہوں نے گاندھی جی کے پرائیویٹ سیکرٹری کے طور پر غیر معمولی شہرت پائی۔

جب سر میاں فضل حسین وائسرائے ہند کونسل کے ایجوکیشن ممبر مقرر ہوئے تو ان پر اس صورت حال کا خاص اثر تھا کہ مردم شماری کی نسبت سے......کی تعداد سرکاری ملازمتوں میں بے حد کم ہے۔ چنانچہ انہوں نے اپنے محکمہ میں اس کمی کی تلافی کرنے کے لئے خاص مہم چلائی۔ لاہور سے سید محمد اشرف صاحب (ہیڈ کلرک محکمہ تعلیم) نے آ کر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں گزارش کی کہ میں ملک غلام فرید صاحب کو سر میاں فضل حسین صاحب کی طرف سے اعلیٰ سرکاری ملازمت کے لئے لینے آیا ہوں۔ حضور نے فرمایا کہ ”ملک صاحب میرے کام کے آدمی ہیں۔ آپ فلاں شخص کو لے جائیں۔“ سید صاحب نے کہا کہ میاں صاحب نے ملک صاحب کے متعلق مجھے کہا تھا اس دوسرے شخص کے متعلق نہیں۔

وقف زندگی اور دینی خدمات

حضرت ملک غلام فرید صاحب بلاشبہ ان رفقائے احمد میں شامل ہیں جو احمدیت کے ماتھے کا جھومر تھے۔ شمع احمدیت کے پروانے تھے۔ یہ تبدیلی جوان کے دلوں میں پیدا ہوئی یہ اس مسیح کا اعجاز تھا جو دلوں کی سرزمین میں محبت الٰہی کے بیج بونے آیا تھا۔ حضرت ملک صاحب کے برادر مکرم ملک عبدالرحیم صاحب تحریر کرتے ہیں:۔

”ہمارے دادا ملک الٰہی بخش صاحب صوفی مزاج اور بہت دیندار شخص تھے۔ جس کی گواہی کنجاہ کے بھی بہت لوگ دیتے ہیں۔ ایک روز دادا جان نے والد صاحب، ملک نواب الدین صاحب، ملک غلام فرید صاحب اور ملک بشیر علی صاحب کو بلوا کر والد صاحب سے کہا:

”نور دینا! غلام فرید تیرا لڑکا بہت بڑا دیندار ہوگا۔“

اس کے کچھ عرصہ بعد دادا جان نے بیعت کر لی۔“

حضرت ملک غلام فرید صاحب بیان کرتے ہیں کہ:۔

”ایک دفعہ والد صاحب نے خواب دیکھا کہ وہ مجھے چھری سے ذبح کرنے لگے ہیں اتنے میں وہ بیدار ہو گئے۔“

چنانچہ ملک صاحب نے 1916ء میں اپنی زندگی خدمت احمدیت کے لئے وقف کی۔ بی۔اے کرنے کے بعد اس نیت سے گورنمنٹ کالج میں کسی اور مضمون میں داخلہ لیا کہ اس کے بعد واپس قادیان پہنچ کر خدمات بجا لائیں گے۔ حضرت مصلح موعود کی خواہش تھی کہ آپ ایم۔اے انگلش کریں۔ حضرت ملک صاحب نے ایم۔اے انگلش کیا۔ وقف کا وعدہ اس سے پہلے کیا ہوا تھا اسے حضرت امام جماعت کی خواہش کے تابع عمر بھر نبھایا۔

جرمنی کے لئے روانگی

حضرت ملک صاحب اپنی ڈائری میں تحریر فرماتے ہیں۔

”26 نومبر 1923ء کو بوقت بارہ بجے میں قادیان سے برائے دعوت الی اللہ جرمنی رخصت ہوا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی موڑ تک جس کو بئر الدعا بھی کہا جاتا ہے۔ مجھے چھوڑنے آئے۔ راستے میں بہت سی ہدایات دیں۔ سب سے قابل قدر اور قابل عمل ہدایت یہ تھی کہ مربی کو ہر ایک کا ہمدرد ہونا چاہئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔ انصر اخاك ظالما او مظلوما مظلوم تو مظلوم ہی ہے۔ ظالم ظلم کر کے اپنی روحانیت برباد کر لیتا ہے اور اس طرح ہمارے رحم کے قابل ہے۔...... ہمیشہ دعا پر بھروسہ کرو۔ دعا سب سے بڑا مومن کا قیمتی ہتھیار ہے۔“

حضرت صاحب نے بڑی لمبی دعا کی۔ میں لوگوں سے مل رہا تھا۔ حضرت صاحب میرے بچے مبارک کو گود میں لے کر پیار کر رہے تھے۔ میں ٹم ٹم میں سوار ہوا اور جب تک میری ٹم ٹم آنکھوں سے اوجھل نہیں ہوئی حضرت خلیفۃ المسیح مع تمام احباب اپنی جگہ کھڑے رہے۔

انگلستان میں خدمات

جرمنی مشن بند ہو جانے کے بعد حضرت ملک صاحب کا تبادلہ انگلستان میں کر دیا گیا۔

بیت فضل لندن کے افتتاح کے کاموں میں بھی حضرت ملک صاحب کو خدمات سرانجام دینے کی توفیق ملی۔ بیت کے افتتاح کے لئے حجاز کے سلطان ابن سعود کے بھائی امیر فیصل گورنر مکہ (بعد میں شاہ فیصل) سے درخواست کی گئی۔ امیر فیصل 23 ستمبر 1926ء کو انگلستان پہنچے۔ 3/اکتوبر افتتاح کا دن مقرر تھا مگر امیر فیصل کے منشاء پر 6/اکتوبر کا دن معین کیا گیا۔ اس سلسلے میں تمام دعوت ناموں اور خط و کتابت کا زیادہ تر کام حضرت ملک صاحب کے کندھوں پر تھا۔ مخالفین کی طرف سے امیر فیصل کو افتتاح کرنے سے روک دیا گیا اور عین وقف پر اس تاریخی کام کی سعادت شیخ عبدالقادر صاحب (پریذیڈنٹ پنجاب لیجسلیٹو کونسل) کو حاصل ہوئی۔

مرکز سلسلہ قادیان کو مراجعت

قادیان دارالامان میں ورود پر اخبار الفضل نے تحریر کیا۔

”ہمارے مکرم و محترم ملک غلام فرید صاحب ایم۔اے مربی انگلستان مرکز تثلیث میں دین حق کی شاندار خدمات سرانجام دینے کے بعد 8 جولائی 1928ء کی شام کو مع الخیر وارد دارالامان ہوئے۔ ملک صاحب کی آمد کی اطلاع پہلے موصول ہو چکی تھی۔ اس لئے اکثر احباب آپ کے استقبال کے لئے سات بجے قصبہ سے باہر جمع ہو گئے۔ ہائی سکول اور مدرسہ احمدیہ کے طلباء بھی حاضر تھے۔ ملک صاحب کی آمد پر احمدیہ سکول کے سکاؤٹس نے جو یونیفارم پہنے ہوئے وہاں موجود تھے فوجی طرز میں سلامی دی۔ اس کے بعد ملک صاحب نے تمام احباب سے مصافحہ کیا۔ مغرب کی نماز کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ملک صاحب کو شرف باریابی بخشا اور عشاء کی نماز تک مختلف موضوعات پر گفتگو کا نہایت دلچسپ سلسلہ رہا۔“

1939ء میں آپ نے نصرت سکول کے مینیجر کی حیثیت سے بھی فرائض سرانجام دیئے۔

تقسیم برصغیر کے وقت

خدمات

تقسیم برصغیر کے وقت آپ کو خدمات جلیلہ سرانجام دینے کا موقعہ ملا۔ حضرت مصلح موعود 31/اگست 1947ء کو لاہور تشریف لے گئے اور حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کو اپنے بعد میں قادیان امیر مقرر فرمایا۔ ان کے ساتھ متعدد بزرگان نامساعد حالات میں خدمات سرانجام دے رہے تھے جن میں حضرت ملک غلام فرید صاحب بھی شامل تھے۔

آپ کی قلمی خدمات

آپ کی ابتدائی قلمی خدمات انگلستان میں شروع ہوئیں۔ جب مذہبی امور کے متعلق مختصر مدلل خطوط یا تردیدی جواب آپ سپرد قلم کرتے تھے اور وہاں کے اعلیٰ پایہ کے روزنامے انہیں شائع کرتے تھے۔ گویا زبان وغیرہ کے لحاظ سے وہ ان کے معیار کے مطابق ہوتی تھی۔ انگلستان سے واپسی کے بعد آپ کی قلمی خدمات کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ آپ پندرہ روزہ انگریزی ”سن رائز“ کے اور پھر انگریزی ماہنامہ ”ریویو آف ریلیجنز“ کے ایڈیٹر مقرر ہوئے۔

انگریزی ”سن رائز“

کی ادارت

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے تربیتی اور دعوت الی اللہ کی ضروریات کے پیش نظر ایک پندرہ روزہ انگریزی اخبار جاری فرمایا اور اس کا نام SUN RISE (سن رائز) رکھا۔ یہ رسالہ حضرت مولوی محمد الدین صاحب بی۔اے (سابق مربی امریکہ) کی ادارت میں دسمبر 1926ء میں جاری ہوا۔ 1928ء کے وسط میں حضرت ملک غلام فرید صاحب ایم۔اے اس کے ایڈیٹر مقرر ہوئے۔ آپ کے دور میں اس اخبار کا علمی معیار بھی بلند ہوا اور اس کی اشاعت میں

بھی اضافہ ہوا۔ یکم ستمبر 1930ء سے یہ ہفت روزہ کر دیا گیا۔ حضرت ملک صاحب نے فروری 1932ء تک اس رسالہ کی ادارت کے فرائض سرانجام دیئے۔ مارچ 1932ء میں یہ رسالہ قادیان سے لاہور منتقل کر دیا گیا۔ اس کے علاوہ آپ انگریزی ماہنامہ ریویو آف ریلیجنز کے بھی مدیر رہے۔

انگریزی تفسیر القرآن

حضرت ملک صاحب کو جو سب سے بڑی خدمت سرانجام دینے کی توفیق ملی وہ ترجمہ و تفسیر انگریزی کا کام ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے حضرت مولوی شیر علی صاحب کو انگریزی ترجمہ اور تفسیری نوٹس تیار کرنے کی ہدایت فرمائی۔ 1933ء میں حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کو بھی اس اہم کام میں شامل کر دیا گیا۔

مئی 1942ء میں حضرت مصلح موعود نے ایک بورڈ مقرر فرمایا جس میں حضرت مرزا بشیر احمد صاحب، حضرت مولانا شیر علی صاحب اور حضرت ملک غلام فرید صاحب تھے۔ بورڈ نے نہایت محنت سے کام کیا اور ایک ایک لفظ پر سوچ بچار کے بعد حتمی شکل دی۔ سیاسی حالات کی وجہ سے فرمے لاہور لائے گئے اور پہلے دس پاروں پر مشتمل پہلی جلد 1948ء میں منظر عام پر آ گئی۔

حضرت مولانا شیر علی صاحب کی وفات 13 نومبر 1947ء اور تقسیم کے بعد حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کی دوسری ذمہ داریوں کی وجہ سے حضرت ملک صاحب کو تنہا اس کی ذمہ داری سونپی گئی۔ حضرت ملک صاحب پیرانہ سالی اور مختلف عوارض کے باوجود اس کام کو کرنے میں منہمک ہو گئے اور شب و روز کی محنت کے بعد 1949ء میں دوسری جلد سورہ یونس تا سورہ کہف مرتب ہوئی۔ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب عدیم الفرصتی کے باوجود نظرثانی کے کام میں برابر شریک رہے۔ 1951ء کے بعد ملک صاحب تنہا رہ گئے مگر مسلسل کام کرتے رہے۔ دسمبر 1960ء سورۃ مریم تا جاثیہ پر مشتمل تفسیر کی جلد دوم کا دوسرا حصہ شائع ہو گیا۔

تیسری اور آخری جلد 1963ء میں چھپ گئی اور اس طرح تفسیر القرآن انگریزی مکمل ہو گئی۔

تفسیر قرآن انگریزی ایک جلد میں

تفسیر قرآن انگریزی کی آخری جلد 1963ء میں منظر عام پر آنے کے بعد حضرت ملک غلام فرید صاحب اس کوشش میں جت گئے کہ ایک مختصر جلد تیار کریں۔ چنانچہ تین حصوں سے جو پانچ جلدوں میں تھے۔ ایک مختصر جلد سلسلہ کی طرف سے 1969ء میں شائع ہوئی۔ جو انڈیکس سمیت 1461 صفحات پر مشتمل تھی۔ اس میں لغوی معانی کا تفصیلی حصہ حذف کرنا پڑا۔ پہلی پانچ جلدیں نہایت دیدہ زیب صورت میں اب سلسلہ کی طرف سے لندن میں طبع ہوئی ہیں۔

آپ کا انتقال پُر ملال

حضرت ملک غلام فرید صاحب 7 جنوری 1977ء بروز جمعۃ المبارک 79 سال کی عمر میں رحلت فرما کر اپنے مولائے حقیقی کے حضور حاضر ہو گئے۔ بوقت وفات آپ 8 ٹیمپل روڈ لاہور میں مقیم تھے۔

آپ کی سیرت

آپ نے اپنی زندگی کا ایک حصہ خلفائے احمدیت کی معیت میں گزارا اور اس کا فیض یورپ تک پھیلایا۔ آپ کی شخصیت، حضرت مسیح موعود کی غلامی اور خلافت سے وابستگی کا عملی ثبوت ہے جو آپ عملی زندگی میں ظاہر کرتے رہے۔ جن میں سے چند پیش ہیں۔

سلسلے کے ساتھ آپ کی محبت

احمدیت اور سلسلہ کے ساتھ آپ کی محبت ہر پہلو سے عیاں ہوتی تھی۔ 1936ء میں اسمبلی کی ممبری کے لئے حضرت چوہدری فتح محمد صاحب سیال۔ ایم۔ اے بھی کھڑے ہوئے تھے۔ اس وجہ سے فہرست رائے دہندگان میں ہمارے کارکنان نے بھی دلچسپی لی۔ اس زمانہ میں فارم میں ایک خانہ رائے دہندہ کی قومیت کا بھی ہوتا تھا۔ ایک کارکن اس فارم کی خانہ پری کے لئے ملک صاحب کے پاس گئے تو ملک صاحب نے اس خانہ میں "احمدی" لکھنے کے لئے کہا۔ چیک کرنے والوں نے اس پر اعتراض کیا اور اس کارکن کو دوبارہ ملک صاحب کے پاس بھیجا کہ قومیت دریافت کرے۔ ملک صاحب نے پھر وہی جواب دیا۔ اور کہا کہ میں نے ٹھیک لکھوایا ہے۔ تیسری دفعہ اس کارکن کو پھر آنا پڑا تو ملک صاحب نے فرمایا کہ میں تو ککے زئی لیکن اور کوئی قوم بھی قوم ہے؟ اصل قوم تو احمدیت ہے۔

سچی بات بیان کرنا اور جھوٹ سے نفرت

حضرت قاضی محمد اسلم صاحب اکثر ایک واقعہ کا ذکر فرمایا کرتے تھے۔ حضرت ملک صاحب اور حضرت قاضی صاحب لندن میں ایک ہی گھر میں مقیم تھے۔ خاتون خانہ ایک انگریز بڑھیا تھی۔ اسے کھانا پکانے کی اپنی مہارت پر بہت ناز تھا۔ ایک دن گائے کی زبان پکا کر کھانے کی میز پر لائی۔ انگریز یہ ڈش بہت شوق سے کھاتے ہیں۔ کھانا تھا تو لذیذ لیکن اس سے بدبو آ رہی تھی۔ اس پر دونوں نے باہم مشورہ سے خاتون خانہ سے آنکھ بچا کر گوشت کو انگیٹھی میں پھینک دیا۔ جہاں خوب آگ جل رہی تھی۔ جب مذکورہ خاتون نے دیکھا، پلیٹیں صاف ہو چکی ہیں تو بہت خوش ہوئی اور بار بار اصرار سے پوچھنا شروع کیا کہ آپ نے اسے پسند کیا؟ خوب پکا ہوا تھا نا؟ اور مصر ہوئی کہ زبانی بھی کھانے کی تعریف میں کچھ کہیں۔ حضرت ملک صاحب مجبور ہو کر کہنے لگے۔

`So I tell you the truth Mrs..... We did not quite like it.,

اس پر وہ خاتون بے حد خفا ہوئی۔ لیکن حضرت ملک صاحب رسمی طبع سازی کی بجائے سچ کا اظہار کر چکے تھے۔

وقت کی پابندی

آپ وقت کے بہت پابند تھے۔ ایڈیٹری کے فرائض کے علاوہ آپ نصرت گرلز کالج کی طالبات کو بی۔اے کی انگریزی پڑھایا کرتے تھے۔ ایک دن کام میں مصروف رہے اور وقت تنگ ہو گیا۔ گھبرا کر اٹھے اور اپنی کتابیں وغیرہ لے کر تیزی سے نکل گئے۔ سیڑھیوں میں سے آواز دی کہ میری عینک مجھے دے دو۔ اسے میز کے اوپر، اندر، باہر نیچے بہت تلاش کیا مگر عینک وہاں نہ تھی۔ بازار میں جا کر آپ نے زور سے آواز دی کہ عینک تو میں نے لگائی ہوئی ہے۔ تلاش کرنا چھوڑ دو اور آپ بھاگنے لگے لوگ حیران رہ گئے۔ نصرت گرلز کالج تک (گویا کوئی ایک فرلانگ تک۔ مولف) دوڑتے ہی گئے۔ دوسرے روز پوچھنے پر آپ نے کہا کہ اوبابا! دس منٹ لیٹ ہو گیا تھا۔ خیال ہوا کہ لڑکیاں میرا انتظار کر رہی ہوں گی۔ میں بھاگ کر وہاں پہنچا اور وقت کے اندر کلاس شروع کر دی۔ لوگ میرے متعلق جو مرضی کہہ لیں۔

حافظہ

آپ کا حافظہ اتنا عمدہ تھا کہ آپ کو اپنی نوعمری کے تعلیمی زمانہ کی باتیں بھی اچھی طرح یاد تھیں۔ یہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کا زمانہ تھا۔ جن کے درس اور مجالس کی باتیں آپ سنایا کرتے تھے۔ خدا تعالیٰ سے دعا ہے کہ آج کے اس قلمی جہاد کے زمانہ میں خدا تعالیٰ ہمیں بھی کامیاب مجاہد بننے کی توفیق عطا فرمائے۔

(آمین ثم آمین)

جاوا کی رانی

(Java Cassia)

یہ آرائشی پودا کسی زمانے میں جاوا اور سماٹرا سے برصغیر پاک و ہند لایا گیا تھا۔ دراصل یہ انڈونیشی پودا ہے لیکن پاکستان سمیت دنیا بھر میں کاشت کیا جاتا ہے۔ اس پودے کو مئی اور جون کے شدید گرم موسم میں گلابی پھولوں کے گچھے لگتے ہیں۔ جب جاوا رانی پر پھول آتے ہیں تو اس وقت باغوں اور باغیچوں میں کوئی پھول نہیں ہوتا۔ یہ آرائشی پودا سڑکوں اور باغات کے کنارے کاشت کیا جاتا ہے۔ جاوا کی رانی کے پودے گھر کے باغیچوں میں بھی بڑی بہار دیتے ہیں۔ یہ پودا قریبی اور بااعتماد نرسریوں سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

دنیائے نو

ذرا دیکھنا' صبح نو دیکھنا!
کہ پھٹتی ہوئی تازہ پَو دیکھنا!

بڑھا قافلہ عزمِ تازہ لئے
نیا رہنما برق رَو دیکھنا!

سِتارہ مُقدر کا بدلا گیا
کہ دُنیا میں دُنیائے نو دیکھنا!

دِلوں کی اُڑا دے گی یہ ظلمتیں
چراغِ مسیحا کی لَو دیکھنا!

کروڑوں کروڑوں اِدھر آ رہے
نہ دس دیکھنا' اب نہ سو دیکھنا!

مسیحا نفس آ گیا ہے کوئی
تنِ دہر میں رُوحِ نو دیکھنا

کھِلے پھول گلشن میں ہیں نو بنو
یہ نظارۂ نو بہ نو دیکھنا!

ہے مہدی کی لے اِنقلاب آفریں
بدلتی زمانے کی رَو دیکھنا!

ہیں تائید مِرزا میں اَرض و سَما
کہ تقدیر بھی دَرِ جلو دیکھنا!

قیادت میں "مسرور" کی ہے رواں
نیا کارواں تیز رَو دیکھنا!

عبدالسلام

حاصل مطالعہ ۔ دانشوروں اور تجزیہ نگاروں کے خیالات

مکرم پروفیسر راجا نصر اللہ خان صاحب

وقت دعا ہے

مندرجہ بالا عنوان کے تحت دینی مضمون نگار ڈاکٹر خواجہ عابد نظامی اپنے مضمون (مطبوعہ ''نوائے وقت سنڈے میگزین'' مورخہ 25 جون 2006ء) کا آغاز ان الفاظ سے کرتے ہیں:۔

''شمس العلماء مولانا الطاف حسین حالی کا شماران چند مقتدر قومی ہستیوں میں ہوتا ہے جنہوں نے قدیم مدرسے سے تعلیم پا کر ایسے کارہائے نمایاں سرانجام دیئے جن کا جواب اردو شاعری میں اب تک شاذ ہے۔ وہ صحیح معنوں میں جدید اردو شاعری کے بانی تھے''۔

آگے چل کر لکھتے ہیں:

''ملت اسلامیہ کو زوال پذیر اور ادبار کا شکار ہوتا دیکھ کر ان کے دل پر جو گزرتی تھی، اس کا حال ان کی شاعری میں صاف جھلکتا ہے۔ جنگ بلقان کے روح فرسا واقعات نے انہیں اس درجہ متاثر کیا کہ ان کے دکھی دل سے ''فریاد'' نکلی جو ''عرض حال، بحضور سرور کائنات ؐ'' کے عنوان سے ان کے دیوان میں موجود ہے اور جس کے بعض اشعار آج بھی ہر قومی سانحہ پر مسلمانوں کو بے ساختہ یاد آجاتے ہیں۔ اس لافانی استغاثہ کے چند اشعار آپ بھی دل تھام کر پڑھ لیجئے۔

اے خاصۂ خاصان رسل وقت دعا ہے
امت پہ تری آ کے عجب وقت پڑا ہے
جو دین بڑی شان سے نکلا تھا وطن سے
پردیس میں وہ آج غریب الغرباء ہے
جو تفرقے اقوام کے آیا تھا مٹانے
اس دین میں خود تفرقہ اب آ کے پڑا ہے
جس دین نے غیروں کے تھے دل آ کے ملائے
اس دین میں خود بھائی سے اب بھائی جدا ہے

(مضمون مطبوعہ نوائے وقت سنڈے میگزین مورخہ 25 جون 2006ء ص 10)

تبلیغی جماعت کے شاہ فیصل ایوارڈ یافتہ عالم ابوالحسن ندوی اپنے مضمون ''اسلامی بیداری'' مطبوعہ نوائے وقت (ملی ایڈیشن) مورخہ 31 دسمبر 2004ء میں تحریر کرتے ہیں:

''اس وقت اسلامی معاشرہ اخلاقی انحطاط، معنوی زوال، باہمی انتشار، غیر مسلم ماحول کے اثرات اور غیر اسلامی رسم و رواج، نمود و نمائش اور تفاخر و ظاہرداری کا بری طرح شکار ہے، دعوت و اصلاح کے میدانوں میں کام کرنے والے بھی کم و بیش اس کمزوری کا شکار ہو چکے ہیں۔ دینی جدوجہد پر اس کے منفی اثرات بھی پڑنے لگے ہیں اور بسا اوقات مخالفین کو اس کمزوری نے اسلام پر تنقید و تشنیع کے مواقع فراہم کر دیئے ہیں۔ جن سے اسلامی کردار کی پختگی و بلندی کی صورت میں آسانی کے ساتھ بچا جاسکتا ہے''۔

(مضمون مطبوعہ نوائے وقت ملی ایڈیشن مورخہ 31 دسمبر 2004ء کالم نمبر 4)

موازنہ

حافظ عمر فاروق ''موازنہ'' کے زیر عنوان ''نوائے وقت'' مورخہ 7 اکتوبر 2005ء میں لکھتے ہیں:۔

''دکانوں، ہوٹلوں اور مارکیٹوں کے مالکان ایک جیسا بورڈ آویزاں کر دیتے ہیں جس پر سیل لکھا ہوتا ہے آپ اپنے ملک میں سیل کے نام پر دھوکہ دہی کو ذہن میں مت لائیں)۔ اگر آپ انگلینڈ میں ہوں تو عام دنوں میں جو سویٹر آپ کو 400 پونڈ میں ملتا ہے اس مہینے وہی سویٹر آپ 100 پونڈ میں خرید سکتے ہیں۔ 500 پونڈ والا جوتوں کا جوڑا 200 پونڈ میں مل جائے۔ 600 پونڈ میں بکنے والا پرفیوم دسمبر میں آپ 200 پونڈ میں خرید سکتے ہیں...... جوں جوں کرسمس نائٹ اور 25 دسمبر کا دن قریب آتا جاتا ہے۔ کھانے پینے کی چیزوں کے نرخ حیران کن حد تک مزید کم کر دیئے جاتے ہیں۔ لوگ ان دنوں دل کھول کر شاپنگ کرتے ہیں۔ آپ حیران ہوں گے کہ گورے دسمبر میں اس قدر ستی چیزیں کیوں بیچتے ہیں؟ وہ ایسے لوگوں کو بھی خوشیوں میں شریک کرتے ہیں جو گیارہ مہینے سستی اشیاء کا تصور بھی نہیں کرسکتے۔ آئیے ایک کافر معاشرے کے تہوار سے نکل کر اپنے مسلم معاشرے کے تہواروں رمضان المبارک، عیدوں، شب معراج اور شب برات کا بھی جائزہ لیں جہاں یہ تہوار لوٹ مار اور مار دھاڑ کا ذریعہ بن چکے ہیں۔ آپ کسی منڈی، کسی بازار، کسی دکان پر سبزی، پھل، دالیں، مصالحہ جات، بیسن، کھجوریں، سموسے، پکوڑے، چاول، گھی، دودھ، دہی، بیکری (میرا شہر جہاں بیکری کی قیمت پاکستان بھر سے زیادہ وصول کی جارہی ہے) مٹھائی خریدنے چلے جائیں آپ کو لوٹ مار پر قانونی، اصولی اور تجارتی ضابطہ اخلاق کی پائمالی کا بدترین مظاہرہ ہوتا ہی نظر آئے گا ...... یہ ہے ایک کافر اور مسلم معاشروں کا موازنہ، افسوس! (میں اس لفظ کو چھوڑ چکا ہوں کیونکہ یہ بہت بے وقعت ہو چکا ہے)۔ آپ ان کئی ہزار قانونوں، ضابطوں، اصولوں اور مقرروں (جن کا کام بھی اب لوگوں کو ڈرانا اور چندے اکٹھا کرنا رہ گیا ہے) پر نگاہ ڈال لیجئے۔ جن کی موجودگی میں ہر دن آپ کو کوئی نہ کوئی نئی برائی جنم لیتی نظر آئے گی اور ایک روز ایک نئی وحشت ہمارے سامنے آ کھڑی ہوگی''۔

(مضمون مطبوعہ نوائے وقت مورخہ 7 اکتوبر 2005ء)

قمر جمیل خان اپنے مضمون ''یہ بتاؤ کہ مسلمان بھی ہو'' مطبوعہ ''نوائے وقت'' 23 اگست 2006ء میں تحریر کرتے ہیں:۔

اس سوال کے جواب کی تلاش ہر درد دل رکھنے والے مسلمان کے دل میں موجزن ہمیشہ رہی ہے اور رہتی ہے۔ آخر ہم اس قدر بٹے ہوئے ہیں، تقسیم در تقسیم زدہ ہیں، کیا ہم اللہ تعالیٰ کے احکام، رسول اکرم ؐ کے اسوہ حسنہ کا صحیح مطالعہ کرتے ہیں؟ کیا قرآن حکیم فرقان عظیم میں ہمیں کہیں ایسا شائبہ گزرتا ہے کہ ہم رسول اکرم ؐ کی حیات طیبہ کے بعد بکھر جائیں، تقسیم ہو جائیں۔ گروہوں میں بٹ جائیں، قطعاً نہیں؟ اس کے علاوہ ہماری تقسیم مسلکی حوالوں کے علاوہ سیاسی بھی اسی طرح دگرگوں ہے۔ تمام تر ریاستی ڈھانچہ ہوس اقتدار اور ہوس دولت، لاقانونیت، بے جا اسراف، بے لگام کرپشن، بے جا نمود و نمائش جو 90 فیصد غریب سفید پوش طبقات کے لئے عذاب جان بن گئی ہے۔ علاوہ ازیں ہماری لسانی، علاقائی، گروہی، صوبائی، فرقہ وارانہ تقسیم، طبقاتی تقسیم، دولت، تعلیم، صحت، سوشل سیکیورٹی، قانون اور انصاف کا حصول، روزمرہ زندگی کے معاملات میں ریاستی اپریٹس/ ڈھانچہ کا کردار تمام تر امور میں غیر فطری غیر مساوی بے اصولی تقسیم در تقسیم کو فروغ ملتا ہے اور ہم سب کچھ ہیں کیا مسلمان بھی ہیں؟

(مضمون مطبوعہ نوائے وقت مورخہ 23 اگست 2006ء کالم 1)

آگے چل کر لکھتے ہیں:۔

''عالم یہ ہے کہ ہماری روزمرہ زندگی کے پیشوا، نجوم، علم جعفر، عملیات وغیرہ کا علم رکھنے والے بن گئے ہیں اور خصوصاً ان کے اوقات ایسے ہیں جن میں زیادہ عورتیں ہوتی ہیں۔ لوگ جادو کی کاٹ کا مشورہ کرتے ہیں۔ ابھی یہ چینل مذہبی پروگرام دکھا رہے ہوتے ہیں اور کچھ لمحات بعد ناچ گانے شروع ہو جاتے ہیں۔ کیبل نیٹ ورک والوں نے تو تمام حدیں پار کردی ہیں، گھروں کو انڈین گانوں اور ناچ گانے اور مجرہ خانہ اور سٹاک ایکسچینج کو جوا خانہ بنادیا گیا ہے۔ (کالم 2،1)

آگے چل کر مزید لکھتے ہیں:

''ایک اور تقسیم کا ذکر کرنا بہت ضروری ہے تاکہ میں ان تمام کا احاطہ کر کے آخری مراحل پر فوکس کر سکوں، ہمارے روحانی، صوفیائی سلسلوں کا تاریخ اور وقت کے ساتھ اثر جاری وساری ہے۔ یہ سلسلہ جات بیشمار ہیں۔ پیری فقیری کا سلسلہ ایک غلامی کی حد تک بڑھ گیا ہے اور لوگ اپنی اطاعت اور غلامی میں اس قدر بڑھ جاتے ہیں کہ شرک کی حدوں، غیر اسلامی قرآن و سنہ سے سب کچھ متصادم کر گزرتے ہیں۔ کیا اس کی کوئی گنجائش قرآن میں یا سنت میں ملتی ہے۔

(مضمون مطبوعہ نوائے وقت مورخہ 23 اگست 2006ء کالم 2)

''میرا دوست ہمیشہ کہتا کہ تکبر، انسانیت کی نفی ہے اور شرک کے برابر۔ اللہ تعالیٰ کو تکبر بے حد ناگوار ہے۔ غیبت، جھوٹ، تہمت، سازش، نفاق، منافرت، رشوت، چھوٹے اور غریب کو حقیر سمجھنا، اس کی دلجوئی، زبان اور غصہ کا بے لگام استعمال اور ایسے روزمرہ پر توجہ دینے کی تلقین کرتا ہے کہ ہم سب کچھ ہیں مسلمان بھی ہیں؟''

(مضمون مطبوعہ نوائے وقت مورخہ 23 اگست 2006ء کالم 2)

مذہبی اور ملی مضمون نگار مسرت لغاری اپنے مضمون ''تم سبھی کچھ ہو بتاؤ تو مسلمان بھی ہو'' مطبوعہ نوائے وقت 28 اپریل 2006ء میں تحریر کرتی ہیں:

''ایک بار حضرت علامہ اقبال نے انتہائی جلے دل کے ساتھ مسلمانوں سے ایک سوال کیا تھا۔

تم سبھی کچھ ہو بتاؤ تو مسلمان بھی ہو؟

اور آج مجھے لگتا ہے ان کے اس سوال کا جواب دینے کا وقت آگیا ہے۔ اصل میں ہم سبھی کچھ ہیں مگر صرف مسلمان نہیں۔ کیونکہ اگر واقعی ہم مسلمان ہوتے، اپنی خاطر آسمان سے اترنے والے پاک مذہب کے بتائے ہوئے راستے پر چلتے، اپنی کتاب نور اور کتاب نور کے حرف حرف میں ڈھلی ہوئی ہستی رحمۃ للعالمین کے فرمائے ہوئے کی پیروی کرتے تو آج ہمارے ساتھ بلکہ تمام تر مسلمانان عالم کے ساتھ وہ کچھ نہ ہوتا جو ہو رہا ہے یا ہوتا رہا ہے۔ ہاں ہم نے اللہ تعالیٰ کے پاک احکامات سے سرتابی کی ہے، حضور پرنور کے فرمائے سے روگردانی کی ہے، ان کا دکھایا ہوا راستہ بھلا دیا اور دلوں سے ان کا عطا کردہ ''اسلام'' کا لفظ مٹا دیا ہے ہم نے اپنی ازلی دشمنوں اور کافروں کا مذہب عملاً اپنا لیا ہے۔

(مضمون مطبوعہ ''نوائے وقت'' 28 اپریل 2006ء)

سجادہ نشین چورہ شریف پیر سید کبیر علی شاہ سے نوائے وقت کی گفتگو (نوائے وقت سنڈے میگزین مورخہ 24 ستمبر 2006ء)

سوال...... موجودہ معاشرتی زبوں حالی کے حوالے سے آپ کیا کہتے ہیں؟

جواب...... نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہم اسلامی معاشرے میں رہنے اور مسلمان ہونے کے باوجود اسلامی اقدار کی پاسداری نہیں کر رہے۔ معاشرہ بری طرح سے اخلاقی زبوں حالی کا شکار ہے۔ کہیں بھی سکون و اطمینان نام کی کوئی چیز نظر نہیں آتی۔ جوں جوں یہ صورتحال بڑھتی جارہی ہے۔ باوجود معاشی خوشحالی کے ہر دوسرے گھر میں نفاق ہے اور حالات یہ ہیں کہ اخلاقی پستی کے عمیق گڑھے میں قوم گرتی جارہی ہے۔ ان تمام حالات کا تجزیہ کریں تو یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ اللہ کی ذات جس نے اس تمام کائنات کو ایک ضابطے کے تحت تشکیل دیا ہے ہمیں اس کی طرف رجوع کرنا پڑے گا...... انسان اس وقت حرص و ہوس کے لق و دق صحرا میں سائے کے لئے پریشان کھڑا ہے۔ عزیز و اقارب میں محبتیں ماند پڑ رہی ہیں اور ان محبتوں پر ذاتی مفاد غالب آرہا ہے''۔ (ص 27 کالم 3)

(انٹرویو مطبوعہ ''نوائے وقت'' سنڈے میگزین مورخہ 24 ستمبر 2006ء ص 27 کالم 3)

عبدالباسط بٹ صاحب

محترم خواجہ سرفراز احمد صاحب آف سیالکوٹ

مکرم ومحترم خواجہ سرفراز احمد صاحب سے میری واقفیت زیادہ پرانی نہیں ہے۔ان سے رابطہ اس وقت ہوا جب مکرم عبدالقدیر قمر صاحب مربی سلسلہ اوران کے دوساتھیوں کا مقدمہ مجسٹریٹ دفعہ 30 فیروز والا ضلع شیخوپورہ نے سیشن جج کو بھجوا دیا۔ خاکسار اس وقت بطور قائد ضلع شیخوپورہ خدمت انجام دے رہا تھا۔ مرکز سلسلہ نے اس کیس کی پیروی کے لئے مکرم ومحترم خواجہ سرفراز احمد صاحب کو منتخب کیا اور خاکسار کے ذمے خواجہ صاحب کو مقدمہ کے مواد اور مکمل حالات سے آگاہ کرنا تھا تا کہ کیس کے حوالے سے مکرم خواجہ صاحب کو مکمل آگاہی حاصل ہو۔اس کیس کی سماعت کے دوران ملاقاتوں میں آپ سے تعلق بڑھا۔ یہ تعلق خلوص میں مل کر اور مضبوط ہو گیا اور پھر یہ رابطہ مسلسل رہا بلکہ ایک دفعہ مکرم ومحترم خواجہ صاحب نے محبت سے دعا دی کہ لگتا ہے کہ یہ یاری بڑھانا ہی پڑے گی۔ اس پر خاکسار نے عرض کیا کہ آنمکرم کی شفقت ہے اگر آپ پسند کریں تو خاکسار حاضر ہے۔ اس طرح قربت کا سفر آگے سے آگے بڑھتا رہا۔اور مکرم خواجہ صاحب کے ہمراہی ہونے کا شرف حاصل ہوتا رہا۔ اور تمام جماعتی کیسوں میں خاکسار کو مکرم خواجہ صاحب یاد کرتے اور خاکسار ان کی خدمت میں حاضر ہو جاتا۔

جس بات نے خاکسار کو متاثر کیا وہ ان کا خدا تعالیٰ پر توکل اور شرک سے اجتناب تھا۔کسی اپنی بڑائی یا خوبی کی خاطر میں نہ لاتے اور اللہ تعالیٰ کی مدد کے ہی طالب ہوتے۔ مقدمہ کی سماعت سے قبل دعا کر کے اعتماد کے ساتھ عدالت میں حاضر ہوتے اور کسی غیر معمولی تاخیر یا چھٹی کو اللہ تعالیٰ کی مرضی پر محمول کرتے۔

سادگی ان کا ہمیشہ شعار رہی۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ اپنے چھوٹے چھوٹے کام اپنے ہاتھ سے خود سرانجام دیتے اور اس بات پر خوش ہوتے کہ میں اپنا کام خود کرتا ہوں۔ مہمان نوازی میں ان کا ایک اپنا انداز تھا۔اس معاملہ میں وہ حد سے زیادہ سنجیدہ تھے۔ اور کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہ کرتے۔ کسی وقت جائیں ان کی مہمان داری اسی وقت تیار۔ لاہور ہو یا سیالکوٹ دوران سفر بیرون شہر اس میں کوئی کمی نہیں۔ اپنے ساتھیوں کے ساتھ شفقت اور محبت سے پیش آتے اور مشورہ طلب کرنے پر کسی قسم کا تامل نہ کرتے۔

جماعتی کیسوں میں بہت زیادہ حساس اور فکر مند رہتے اور ذاتی کیسوں کو پس پشت ڈال کر جماعتی کیسز کی پیروی کرتے حضرت صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ) کے مقدمہ کے دوران خواجہ صاحب کو کینیڈا ایمیگریشن کے سلسلہ میں کینیڈا جانے کا کہا گیا۔ تو انہوں نے فوری طور پر اس کو رد کر دیا کہ صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب کا کیس چھوڑ کر جانے کا میں سوچ بھی نہیں سکتا۔ مگر جب مکرم صاحبزادہ صاحب کی طرف سے اس بات کی ہدایت ہوئی تو عرض کیا کہ تین دن سے زائد کینیڈا نہیں رہوں گا۔ اور اس وقت پیشی کی تاریخوں کے درمیان سے وقت نکال کر واپسی ٹکٹ لے کر تیسرے دن واپس ڈیوٹی پر پہنچ گئے۔ اس کیس کی سماعت کے دوران ان کی حالت ایک مرغ بسمل کی طرح ہوتی کہ صاحبزادہ صاحب کو کس قدر تکلیف اٹھانا پڑ رہی ہے لیکن عدالتی معاملات میں ذاتی مداخلت کے خلاف تھے۔ اس لئے عدالتی کارروائی کو عدالت کی صوابدید پر ہی رہنے دیتے۔ اس کیس کی سماعت کے فیصلہ پر بہت رنجیدہ اور دل گرفتہ ہوئے فرمایا مجھے آج تک کسی کیس میں ہارنے کا اتنا صدمہ نہ تھا جتنا آج ہے۔ لیکن انہوں نے خاندان حضرت مسیح موعود کے ساتھ ایسا سلوک کیا۔ یہ ان کو بھگتنا ہو گا۔ اللہ تعالیٰ بہتر سامان پیدا فرمائے گا۔ جب مقدمہ ختم ہونے کی اطلاع ملی تو پہلی فرصت میں سیدھے ربوہ تشریف لائے اور حضرت صاحبزادہ صاحب سے مل کر اپنی خوشی کا اظہار کیا اور ان سے کیس کے بارہ میں استفسار کرتے رہے۔ دوران گفتگو حضرت صاحبزادہ صاحب نے سماعت مقدمہ کے دوران خاکسار کو ہمراہی ہونے کی وجہ سے ازراہ شفقت فرمایا کہ آپ نے تو باسط کو آدھا وکیل بنا دیا ہے۔ تو خواجہ صاحب نے کہا کہ نہیں صاحبزادہ صاحب یہ میرا پورا وکیل ہے۔ میں اس کی بات بھی مان لیتا ہوں۔

جماعتی معاملات اور نظام کے طریق کو ہمیشہ اولین ترجیح دیتے۔ جب خواجہ ظفر احمد صاحب کی منظوری بطور امیر ضلع سیالکوٹ ہوئی۔ تو ان کو احترام کے ساتھ امیر صاحب کہہ کر پکارنے لگے۔ جب مکرم خواجہ ظفر احمد صاحب نے کہا کہ بھائی جان آپ مجھے ظفری کہہ کر کیوں نہیں پکارتے۔ تو خواجہ صاحب کہنے لگے کہ خلیفہ وقت نے تم کو امیر بنایا ہے تو پھر میں آپ کا احترام کیوں نہ کروں۔ نظام جماعت کے لئے جان و دل سے فدا ہونے کے لئے تیار ہو جاتے اس بارہ میں بات کرنے کا موقعہ بھی نہ دیتے بعض ذاتی امور کے بارہ میں بھی نظام جماعت کی اطاعت پر زور دیتے حالانکہ درخواست کی گنجائش موجود تھی۔ لیکن نظام جماعت کو اپنا کام کرنے دیا اور نظام جماعت کے فیصلہ کو دل و جان سے قبول کر کے متاثر افراد کو ان کی غلطی کی طرف توجہ دلائی اور معافی مانگنے اور حضور انور کی خدمت میں معافی کے خطوط لکھنے کا کہا۔ نظام جماعت کے معافی کے فیصلہ پر بہت خوشی کا اظہار کیا۔

وکالت کے شعبہ سے جیسے ان کو دلی لگاؤ اور عشق تھا۔ تمام امور چھوڑ کر اس شغل میں مصروف ہو جاتے عدالت عالیہ عدالت عظمیٰ میں ان کی ایمانداری اور نیک نامی اور باعلم ہونے کی ایک چھاپ تھی۔ بعض اوقات دوران سماعت جب جج استفسار کرتے کہ خواجہ صاحب روسٹروم پر تشریف لا کر ہماری مدد کریں تو انتہائی نیک نیتی اور ایمانداری سے مشورہ دیتے جس پر جج صاحبان مشکور ہوتے کہ آپ نے اس معاملہ میں ان کی مدد کی۔ اپنے موقف کو اصولی طور پر بیان کرتے اور اس بات پر ڈٹ جاتے اور اس پر کبھی نہ گھبراتے بلکہ اپنے موقف کو منواتے۔ اپنے سائلوں کے ساتھ ان کا لہجہ اچھا تھا۔ ان کے حالات کے مطابق ان سے فیس لیتے اور ان کی دعائیں لیتے۔ چند واقعات میں خود گواہ ہوں کہ فیس سے زائد رقم واپس کر دی۔ کہ آپ نے کوئی چیز بیچ کر یہ رقم حاصل کی ہو گی۔ میں اپنے بچوں کے لئے آسانیاں پسند کرتا ہوں۔ اس لئے میرا گزارا اس رقم سے ہو جائے گا باقی رقم واپس لے جائیں۔

اپنے شاگرد ساتھیوں کو بہت احترام دیتے اور کیسوں میں کئے گئے دلائل کا تبادلہ خیال کرتے۔ عدالتی احترام کو ملحوظ رکھتے۔ عدالت اور قانون کا احترام ان کا خاصہ تھا۔ اس کے خلاف کسی قسم کی بات سننا گوارہ نہ کرتے اور خلاف قانون باتوں کو سختی سے رد کر دیتے۔ خاندان حضرت مسیح موعود کے فرد کا احترام ان کی گھٹی میں رچا ہوا تھا۔ ہر فرد چھوٹا ہو یا بڑا ان کے نام سے قبل صاحبزادہ صاحب کا لفظ استعمال کرتے۔ خلافت کے تو وہ جاں نثار عاشق تھے۔ ان کی اطاعت گزاری کی مثال ملنی بہت مشکل ہے۔ ہر جماعتی کیس کے دوران حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی طرف سے خوشنودی کے خط کی فوٹو کاپی اپنے تمام دوستوں کو دکھاتے اور اصل خط محفوظ رکھتے اور کہتے کہ میرا یہی خزانہ ہے۔

عدالت میں ہوں یا عدالت کے باہر ان کا جذبہ ایمانی نمایاں ہوتا بھرپور جذبات سے جماعتی موقف کی ترجمانی کرتے۔ ان کی عائلی زندگی بھی عملی زندگی کی طرح ایک مثال تھی۔ ہر معاملہ میں اپنی شریک حیات کو شامل کرتے۔ بچوں کے ساتھ اپنے پروگراموں کا ذکر کرتے۔ تمام دن کی کارگزاری سے اپنی شریک حیات کو مطلع کرتے اور اگلے دن کے پروگرام بھی ان کے علم میں ہوتے۔ بیٹیوں پر تو ایسے کہ جان و دل سے فدا ہوں۔ ان کا بچوں سے ایسا محبت بھرا سلوک کہ بیان سے باہر اور بچے ایسے کہ بیبا کی سے اپنا مطالبہ پورا کروا رہے ہیں مرکزی نمائندگان کا احترام ان کی شخصیت کا ایک منفرد تشخص تھا تمام نمائندگان کا احترام دل و جان سے کرتے اور ان کو صاحب کر کے بلاتے ہر نمائندہ کے کام کے لئے کوئی نہ کوئی سبیل نکال لیتے۔ اس کے ساتھ جماعت کے کارکنان بھی ان کی اس ذرہ نوازی سے بھرپور مستفید ہوتے اور لطف اٹھاتے۔ جب حضرت صاحبزادہ مرزا مسرور احمد صاحب کو علم ہوا کہ خواجہ سرفراز صاحب کے دل کے تینوں والو بند ہیں تو فوری طور پر ربوہ بلا کر ارشاد فرمایا کہ یہاں سے سیدھے اسلام آباد ڈاکٹر نوری صاحب کے پاس تشریف لے جائیں ان کو اطلاع ہے آپ اپنا چیک اپ کروائیں۔ آگے سے عرض کیا کہ صاحبزادہ صاحب میرا پاسپورٹ کینیڈا ایمبیسی میں پڑا ہے میں عبدالباسط کو اسلام آباد بھجواتا ہوں اور پاسپورٹ منگوا لوں۔ کینیڈا میں بھی میرے دل کے آپریشن کا وقت لیا ہوا ہے وہاں پر جا کر آپریشن کروالوں گا۔

آخری دن جب ہائی کورٹ بار لاہور سے گھر کو روانہ ہونے لگے تو مرزا نصیر احمد صاحب ایڈووکیٹ اور مبشر لطیف ایڈووکیٹ نے ان کو بتایا کہ دہشت گردوں کی ہٹ لسٹ میں آپ کا نام شامل ہے۔ تو مجھے کہنے لگے کہ ان لوگوں کی کیا فکر۔ میرے لئے تو میرا خلیفہ دعائیں کر رہا ہے اس کی حفاظت میں ہوں۔ لیکن علم نہ تھا کہ اللہ تعالیٰ کا یہ شیر اس دن ہسپتال میں آپریشن کے دوران فوت ہو جائے گا۔

مکرم خواجہ سرفراز احمد صاحب کی وفات پر حضرت خلیفۃ الرابع کا ارشاد کہ ''ان کے کارنامے آب زر سے لکھنے کے قابل ہیں'' اور قطعہ خاص کارکنان میں تدفین ان کی اطاعت خلافت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ خداوند کریم جماعت کے اس فدائی کو اعلیٰ علّیّین میں جگہ دے اور لواحقین کا حامی و ناصر ہو اور ان کے عمل کو آگے بڑھانے کی توفیق دے۔ آمین

بلند ترین چوٹیاں اور گہرائیاں

براعظم	بلند ترین چوٹی فٹ/میٹر	عمیق ترین گہرائی فٹ/میٹر
افریقہ	ماونٹ کیلی مینز اور تنزانیہ (5,895)18,340	لیک ایسال، جبوٹی (156)512
انٹارکٹیکا	ونسون ماسیف (5140)16864	نامعلوم
ایشیا	ماؤنٹ ایورسٹ نیپال چین (8,848)29,028	بحر مردار، اسرائیل اردن (400)1,312
آسٹریلیا	ماؤنٹ کاسشکو آسٹریلیا (2228)7,310	لیک آئیر، آسٹریلیا (15)49
یورپ	ماؤنٹ البرس، رشیا (5642)18,510	بحیرہ کسپیئن، روس (29)94
نارتھ امریکہ	ماؤنٹ میکنلے امریکہ (6194)20,320	وادی موت، امریکہ (86) 282
ساؤتھ امریکہ	ماؤنٹ ایکونکاگوا ارجنٹائن (6960)22,834	پٹینسو لا ولویز ارجنٹائن (40)131

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 68181 میں

Sosmita Sarpan

ولد Wangsa Mar قوم..... پیشہ فارمر عمر 79 سال بیعت 1954ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 6-4-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستا ن ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) مکان برقبہ 140 مربع مالیتی -/RP-27000000 (2) 4 قطعات زمین برقبہ 2226 مربع میٹر مالیتی -/RP-129500000 (3) رائس فیلڈز 5 عدد برقبہ 3192 مربع میٹر مالیتی -/RP-74250000 اس وقت مجھے مبلغ -/RP-150000 ماہوار بصورت لیبر مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Sosmita Sarpan۔ گواہ شد نمبر 1 Yusuf Ahmadi۔ گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi

مسل نمبر 68182 میں

Endah Sutiriani

زوجہ satu Junaedi قوم..... پیشہ خانہ داری عمر 36 سال بیعت 1995ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 5-4-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) حق مہر ادا شدہ -/RP-400000 (2) طلائی زیور 1 گرام مالیتی -/RP-100000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP-100000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Endah Sutriani گواہ شد نمبر 1 Yusuf Ahmadi۔ گواہ شد نمبر 2 Ucin Sansi

مسل نمبر 68183 میں Rusmiati

زوجہ Dahlan قوم..... پیشہ خانہ داری عمر 38 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-5-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) حق مہر ادا بصورت طلائی زیور 1 گرام مالیتی -/RP-125000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP-90000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Rusmiati۔ گواہ شد نمبر 1 Yusuf Ahmadi گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi

مسل نمبر 68184 میں Rusmiati

زوجہ A.Yunani قوم..... پیشہ خانہ داری عمر 27 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-6-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) حق مہر ادا شدہ 10 گرام طلائی زیور مالیتی -/RP-1000000 (2) طلائی زیور 7 گرام مالیتی -/RP-700000 اس وقت مجھے مبلغ -/RP-100000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Rusmiati۔ گواہ شد نمبر 1 Yusuf Ahmadi گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi

مسل نمبر 68185 میں Jasih

زوجہ Sikarta قوم..... پیشہ خانہ داری عمر 75 سال بیعت 1954ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 16-6-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) حق مہر ادا شدہ -/RP-200000 (2) رائس فیلڈ برقبہ 1610 مربع مالیتی -/RP-28750000 (3) رائس فیلڈ برقبہ 420 مربع میٹر مالیتی -/RP-9000000 (4) زمین برقبہ 840 مربع میٹر مالیتی -/RP-36000000 (5) طلائی زیور 20 گرام مالیتی -/RP-2400000 اس وقت مجھے مبلغ -/RP-90000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں اور مبلغ -/RP-200000 سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتی رہوں گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Jasih۔ گواہ شد نمبر 1 Yusuf Ahmadi۔ گواہ شد نمبر 2 Ucin Sanusi

مسل نمبر 68186 میں Ratminah

